## سوال

(676)چھوٹی لڑکیوں کا چھوٹا لباس پہننا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعض عورتیں اللہ انکو ہدایت دے، اپنی کم عمر لڑکیوں کو ایسے چھوٹے کپڑے پہناتی ہیں جو پنڈلیاں ننگی کرتے ہیں۔ جب ہم ان کی ماؤں کو نصیحت کرتے ہیں تو وہ کہتی ہیں: ہم بھی اس عمر میں ایسے کپڑے پہنتی رہی ہیں۔ اور ہمارے بڑے ہونے کے بعد اس بچپن کی عادت کا کوئی نقصان نہیں ہوسکا، لہذا اس کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

میں تو سمجھتا ہوں کہ انسان کے لیے مناسب ہی نہیں کہ وہ اپنی چھوٹی بیٹی کو اس قسم کا لباس پہنائے، اس لیے کہ جب وہ اس کی عادی ہوجائے گی تو اسی پر قائم رہے گی اور اس کی نگاہ میں لباس کا معاملہ ہلکا ہوگا۔ بچپنے میں حیا اختیار کرنے کی عادی ہوگی تو بڑی ہو کر بھی اسی حالت میں رہے گی۔ میں اپنی مسلمان بہنوں کی خیر خواہی کرتا ہوں کہ وہ بیرونی دشمنان اسلام کا لباس ترک کردیں اور وہ اپنی بیٹیوں کو حقیقی ساتر لباس کا عادی بنائیں جو حیا پر مبنی ہو کیونکہ حیا ایمان کا حصہ ہے۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

**صفحہ نمبر 602**

محدث فتویٰ